فضائل
سیدہ فاطمۃ الزہرا
(حدیث وآثار کی روشنی میں)
پیشکش
مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

عنوانات

مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

منفرد کنیت
حدیث نمبر 1
مصعب بن عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ
"سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی کنیت اُمِّ اَبِیھَا تھی۔"
(المعجم الكبير للطبراني، ج 22 معجم النساء، ذكر سن فاطمه و فاته... الخ، رقم ۹۸۸)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

فاطمہ خوشبوئے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
2
حدیث نمبر
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
”فاطمہ سلام اللہ علیہا میری خوشبو ہے۔“
(السنن الکبری، کتاب النکاح، باب ٤٣: الأنساب کلها منقطعة یوم القیامة)
مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

حدیث نمبر 3
سیدہ رضی اللہ عنہا کی ناراضگی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ناراضگی
فاطمۃ الزہراء
حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
”فاطمہ سلام اللہ علیہا میری جان کا حصہ ہے، جس نے
اسے ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔“
(الجامع الصحيح لامام بخاري، كتاب فضائل الصحابة، باب مناقب فاطمة عليها السلام)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

4
حدیث نمبر
رضائے رب رضائے فاطمہ سلام اللہ علیہا ہے
حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ:
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے فرمایا:
"بیشک اللہ تعالی تیری ناراضگی پر
ناراض اور رضا پر راضی ہوتا ہے"۔
(المستدرک للامام الحاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب فاطمۃ بنت رسول اللہ)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

5
حدیث نمبر
جگر گوشہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فاطمۃ الزہرا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
”فاطمہ سلام اللہ علیہا میرے جگر کا ٹکڑا ہے، جو بھی اسکو
خوش کرے گا، اس نے مجھے خوش کیا ہے“۔
(المستدرک للامام الحاکم، کتاب معرفة الصحابة، باب مناقب فاطمة بنت رسول الله)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

میرے ماں باپ قربان
6
حدیث نمبر
فاطمۃ الزہراء
نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
"فاطمہ سلام اللہ علیہا میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں۔"
(المستدرک لامام حاکم، کتاب معرفة الصحابة ، باب مناقب فاطمة بنت رسول الله ،رقم الحدیث4740)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

7
حدیث نمبر
جداگانہ فضیلت
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ:
"میں نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے افضل کسی کو نہیں پایا
سوائے ان کے بابا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو۔"
(المعجم الاوسط لطبرانی، تحت حرف المیم، رقم الحدیث 2761)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

8
حدیث نمبر
جنت کی سرداری
فاطمۃ الزہرا
حضرت حزیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:
"فاطمہ سلام اللہ علیہا جنتی عورتوں کی سردار ہیں"۔
(المستدرک لامام حاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب فاطمۃ بنت رسول اللہ، رقم الحدیث 4722)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

سیدۃ النساء العالمین
9
حدیث نمبر
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
”اے فاطمہ سلام اللہ علیہا! کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تم تمام
جہانوں کی اور اس امت کی عورتوں کی سردار ہو جاؤ۔“
(المستدرک للامام الحاکم، کتاب معرفة الصحابة، باب مناقب فاطمة بنت رسول اللہ)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

صدیقۂ کائنات
10
حدیث نمبر
فاطمۃ الزہراء
عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:
”فاطمہ سلام اللہ علیہا کے بابا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سوا میں نے
فاطمہ سلام اللہ علیہا سے زیادہ سچا کائنات میں کوئی نہیں دیکھا“۔
(حلیۃ اولیاء لأبو نعیم، ذکر النساء الصحابیات ترجمۃ ۱۳۳: فاطمۃ بنت رسول اللہ)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

11
حدیث نمبر
تمام اہل بیت سے زیادہ محبوب
فاطمۃ الزہرا
حضرت اسامہ بن زید بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
"مجھے میرے تمام اہل بیت سے زیادہ محبوب فاطمہ سلام اللہ علیہا ہے۔"
(مسند ابو داؤد طیالسی، اسامہ بن زید، رقم 688)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ جدید کراچی

12
حدیث نمبر
سب سے پہلے سب سے آخر
حضرت ثوبان رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا کہ
"نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنے اہل سے سب سے آخر میں
جس ہستی سے گفتگو فرماتے وہ حضرت فاطمہ ہوتیں اور سفر سے واپسی پر سب
سے پہلے جس ہستی کے پاس تشریف لاتے وہ بھی حضرت فاطمہ ہوتیں"۔
(المسند لامام أحمد، مسند الأنصار، حدیث ثوبان رقم 21329)
مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

13
حدیث نمبر
سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دو محبوب ترین شخصیات
فاطمۃ الزہرا
حضرت عبد اللہ بن بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ:
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عورتوں میں سب سے زیادہ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے محبت کرتے اور مردوں میں سے سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ"۔
(المستدرک لامام حاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب فاطمۃ بنت رسول اللہ، رقم الحدیث 4735)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

14
حدیث نمبر
نکاح پر چالیس ہزار فرشتے گواہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے فرمایا:
"یہ جبریل ہے اس نے مجھے ابھی بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے فاطمہ سلام اللہ علیہا سے تمہاری
شادی آسمانوں پر کردی ہے اور تمہارے نکاح پر چالیس ہزار فرشتے گواہ تھے۔"
(الرياض النضرة لمحب الدين الطبري، الباب الرابع في مناقب علي، ذكر أن الله زوجه فاطمة، رقم 1397)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

”ہر ماں کی اولاد اپنے باپ کی طرف منسوب ہوتی ہے، سوائے فاطمہ کی اولاد کے۔ پس میں ہی اُن کا ولی ہوں اور میں ہی اُن کا نسب ہوں۔“

(المعجم الكبير الطبراني، الباب الحاء، 2525 حسن بن علي، بقية اخبار الحسن، رقم 2632)

16
حدیث نمبر
شجرِ رسالت کا شاخِ ثمر بار
حضرت مسور رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
”فاطمہ سلام اللہ علیہا میری شاخِ ثمر بار ہے، اس کی خوشی مجھے خوش کرتی ہے اور اُس کی ناراضگی مجھے ناراض کر دیتی ہے۔“
(مسند أحمد، أول مسند الكوفيين، حديث المسور بن مخرمة الزهري، رقم 18451)
فاطمۃ الزہراء
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدر کرار

17
حدیث نمبر
بنو فاطمہ پر آگ حرام
حضرت ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا سے ارشاد فرمایا:
”بیشک اللہ تعالیٰ تمہیں اور تمہاری اولاد
کو آگ کا عذاب دینے والا نہیں“۔
(المستدرک للامام الحاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب مناقب فاطمۃ بنت رسول اللہ)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

18
حدیث نمبر
بعدِ وصال سب سے پہلے ملاقات
سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا بیان فرماتیں ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
مرضِ وصال میں مجھ سے سرگوشی کرتے فرمایا:
"میرے اہل بیت میں سب سے پہلے تم میرے پیچھے آؤ گی۔"
(الجامع الصحیح لبخاري، کتاب فضائل الصحابة، باب مناقب قرابة رسول الله)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

19
حدیث نمبر

قیامت کے دن کی سواری

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ:

"حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیا آپ روزِ قیامت اپنی اونٹنی عضباء پر سوار ہو کر گزریں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: میں اُس براق پر سوار ہوں گا جو نبیوں میں خصوصی طور پر صرف مجھے عطا ہو گا، مگر میری بیٹی فاطمہ سلام اللہ علیہا میری سواری عضباء پر ہو گی"۔

(تاریخ مدینۃ دمشق لابن عساکر، ترجمۃ 974 بلال بن رباح، رقم 2653)

20
حدیث نمبر

محشر کے دن منادی

سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"قیامت کے دن ایک منادی حجاب کے پیچھے سے ندا دے گا اے اہلِ محشر نگاہیں جھکا لو تا کہ فاطمہ سلام اللہ علیہا بنتِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گزر جائیں"

(المستدرک لامام حاکم، کتاب معرفة الصحابة، باب مناقب فاطمة بنت رسول الله، رقم الحدیث 4727)